Saturday 27th March 2010 Rabi-ul-aakhir 10, 1431 A.H.

روزنامہ

اخبارِ مشرق

کلکتہ

Published simultaneously from Calcutta, Delhi & Ranchi

THE DAILY AKHBAR-E-MASHRIQ CALCUTTA

کاغذی بکس ایسوسی ایشن نے آئندہ 30 مارچ کو ہڑتال کی پکار دی

خام مالوں کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ اس صنعت کو روبہ زوال کردے گا

کلکتہ، 26 مارچ (مشرق نیوز سروس) ایسٹرن مشرقی ہند کے بکس مینوفیکچرر ایسوسی ایشن نے آئندہ 30 مارچ کو یک دن کی علامتی ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ آج یہاں میڈیا کو اطلاع دیتے ہوئے ایسوسی ایشن کے ہیمنت سروگی نے کاغذ ملوں پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ کاغذ کمپنیاں بغیر کسی اطلاع کے خام مالوں کی قیمتوں میں اضافہ کررہی ہیں ۔ جس کی وجہ سے کارڈ بکس بنانے والی کمپنیوں کے کاروبار میں زبردست خسارہ ہورہا ہے اور وہ اپنے صارفین کی مانگوں کو پورا نہیں کر پا رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت کے خلاف مزید شکایت کرتے ہوئے کہا کہ کاغذ کمپنیوں نے خام مالوں میں 45 فیصد کا اضافے کردیا ہے لیکن ہم جب قیمتوں میں اضافہ کرتے ہیں تو ہمارے صارفین اسکے لئے تیار نہیں ہیں ۔ ایسوسی ایشن نے اس سلسلے میں حکومت سے بھی رجوع کیا لیکن ابھی تک انکے مسائل پر دھیان نہیں دیا جارہا ہے۔ انہوں نے دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ اگر ہمارے مسائل حل نہیں ہوئے اور کاغذ ملس قیمتوں میں کمی کا اعلان نہیں کرتے ہیں تو ہم آئندہ دنوں غیر معینہ مدت کیلئے ہڑتال کریں گے۔ ایسوسی ایشن کی اس دھمکی سے ان کمپنیوں کو کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا جو اپنی مصنوعات کو کارٹون میں پیک کرکے سپلائی کرتے ہیں۔ کاغذ کے کارٹون میں دوائیاں، پھل، کپڑے، خوردنی تیل کے وغیرہ اس کاغذی کارٹون میں پیک کرکے بازاروں میں سپلائی کیے جاتے ہیں۔ کلکتہ میں کارڈ بورڈ بکس کے کاروبار سے تقریبا 500 کمپنیاں جڑی ہوئی ہیں۔ جن سے بے شمار افراد کے گھر چولہا جلتا ہے۔ مشرقی ہند کے 35 اور مغربی بنگال میں 25 کاغذ ملیں ہیں جو ان کارڈ بورڈ باکسوں کے مینوفیکچررز کو خام مال فروخت کرتی ہیں۔ ایسوسی ایشن نے اپنے صارفین سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ مارکیٹ کی حقیقت کو دیکھتے ہوئے بکس کی قیمتوں میں اضافہ کرے، حکومت سے اپیل کرتے ہوئے ایسوسی ایشن نے کہا کہ وہ درآمدات پر لگائی گئی کسٹم ڈیوٹی میں تخفیف کرے۔